تھیلاسیمیا کی پیدائش سے قبل تشخیص

تھیلاسیمیا ایک موروثی مرض ہے جس کا نقص والدین سے بچے میں منتقل ہوتا ہے۔دونوں والدین (ماں اور باپ) کو تھیلاسیمیا مائینر ہونے کی صورت میں حمل کے دوران بچے کو تھیلاسیمیا میجر ہونے کا 25% امکان ہوتا ہے۔جدید سائنسی ترقی کی بدولت اب ہم بچے کی پیدائش سے قبل بھی تھیلاسیمیا کی تشخیص کر سکتے ہیں۔اگر ٹیسٹ کے ذریعے یہ ثابت ہو جائے کہ پیدا ہونے والے بچے میں تھیلاسیمیا میجر کا نقص موجود ہے تو ایسے بچے کی پیدائش کو اسقاط حمل کے ذریعے روکا جاسکتا ہے۔

پیدائش سے قبل تشخیص دو مراحل میں کی جاتی ہے۔پہلے مرحلے میں والدین کے ٹیسٹ سے تھیلاسیمیا کا جینیاتی نقص معلوم کیا جاتا ہے۔دوسرے مرحلے میں پیدا ہونے والے بچے کا سامپل (نمونہ) حاصل کیا جاتا ہے اور اس پر والدین میں موجود جینیاتی نقص کا پتہ لگایا جاتا ہے۔بچے کا سامپل حمل کے 10-16 ہفتے کے دوران لیا جاسکتا ہے۔اس کیلئے ایک مخصوص انجکشن سرنج اور الٹراساؤنڈ کا استعمال کیا جاتا ھے۔یہ طریقہ ماں اور بچے دونوں ہی کیلئے محفوظ ہے۔تاہم تقریباً 2% خواتین میں بچے کے سامپل کے حصول کی وجہ سے حمل ضائع ہوسکتا ہے۔بچے کے سامپل کے حصول کے دوران اکثر خواتین معمولی لیکن قابل برداشت تکلیف محسوس کرتی ہیں۔اس کیلئے ہسپتال میں داخلے کی ضرورت نہیں ہوتی۔بچے کے سامپل میں تھیلاسیمیا کا نقص معلوم کرنے کیلئے جدید سائنسی طریقہ استعمال کیا جاتا ہے۔ٹیسٹ میں غلطی کے امکان کے بارے میں اکثر لوگ جاننا چاہتے ہیں۔ہمارے اب تک کیے گئے تقریباً آٹھ ہزار ٹیسٹوں کے تجربے نے یہ بات ثابت کی ہے کہ اس ٹیسٹ میں غلطی کا امکان تقریباً 0.5% ہوتا ہے۔یعنی 200 افراد کے ٹیسٹ میں تقریباً ایک غلطی ہوسکتی ہے۔

اسقاط حمل کے بارے میں اسلامی نقطہء نظر:

پاکستان ایک اسلامی ملک ہے اور مریضوں کی اکثریت ایسے طبقے سے تعلق رکھتی ہے جن میں اسلامی احکامات پہ سختی سے عمل کیا جاتا ہے۔ایسے معاشرے میں حمل کو ضائع کرنے کے بارے میں مریضوں کی ہچکچاہٹ ایک قدرتی امر ہے۔ممتاز عالم دین مولانا محمد تقی عثمانی کے فتویٰ کے مطابق اسلام ہمیں اجازت دیتا ہے کہ اگر طبی تحقیق سے ثابت ہو جائے کہ بچے میں تھیلاسیمیا جیسی مہلک بیماری موجود ہے تو اس حمل کو 120 دن (17 ہفتے) سے قبل ضائع کیا جاسکتا ہے۔ 120 دن کی مدت کو مدنظر رکھتے ہوئے والدین سے گزارش ہے کہ وہ اس مدت سے قبل ہی اس ٹیسٹ کی سہولت سے فائدہ اٹھانے کی کوشش کریں۔

اگر آپ کو اس ٹیسٹ کے بارے میں مزید معلومات درکار ہیں یا آپ یہ ٹیسٹ کروانا چاہتے ہیں تو مندرجہ ذیل پتہ پر رابطہ کریں۔

جینیٹکس ریسورس سنٹر (GRC)

رافع مال، پشاور روڈ، ویسٹریج راولپنڈی فون: +92-51-5167312

web: www.grcpk.com email: info@grcpk.com